نیوز ریلیز

شعبۂ تعلقات عامہ

سفارت خانہ، ریاستہائے متحدہ امریکہ

11مئی 2009

برائے فوری اجراء

125/2009

رابطہ: لُو فنٹر، ترجمان

0300-501-2640

امریکہ کی جانب سے صوبہ سرحد کے بے گھر ہونے والے پاکستانیوں کے لیئے فوری ہنگامی امداد

اسلام آباد(11 ِ مئی 2009ء)___ امریکہ کے عوام صوبہ سرحد کے اضلاع بُنیر، دِیراور سوات کے حالیہ سورش سے متاثرہ خاندانوں کے لیئے 4.9 ملین ڈالر پر مشتمل فوری ہنگامی امداد فراہم کر رہے ہیں۔ یہ امداد علاقے میں عارضی طور پر کیمپوں میں مقیم سب سے زیادہ متاثر ہونے والے خاندانوں بشمول بچوں اور خواتین کے لیئے خیموں، کمبلوں، برتنوں، پانی کے ڈبوں، صابن اور بستروں کی خریداری میں خرچ ہوگی۔

پاکستان میں متعین امریکی سفیر این ڈبلیو پیٹرسن نے کہا کہ اس حالیہ امداد کے ساتھ ہم وفاقی اور صوبائی حکومتوں اور بین الاقوامی برادری کے ساتھ مل کر صوبہ سرحد کے لوگوں کی امداد کے لیئے تیار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ امریکہ ضرورتمند لوگوں کو فوری ہنگامی امداد مستعدی سے فراہم کرنے کا تہیہ کئے ہوئے ہے۔

امریکی عوام کی جانب سے حالیہ امداد کے بعد گزشتہ اگست سے اب تک امریکہ کی جانب سے پاکستان کے اندرون ملک بے گھر ہونے والے لوگوں کے لئے دی جانے والی امداد 62.9 ملین ڈالر سے زیادہ ہوگئی ہے۔

امریکہ 2002ء سے پاکستان کو دو ارب ڈالر سے زیادہ کی امداد فراہم کر چکا ہے تا کہ معاشی، تعلیم وصحت اور اچھی حکمرانی کے شعبوں میں بہتری لائی جاسکے اور زلزلہ سے بحالی کے عمل میں مدد فراہم کی جاسکے۔

مزید پریس ریلیز کیلیئے ہماری ویب سائیٹ: http://islamabad.usembassy.gov ملاحظہ کریں۔

اسلام آباد
سفارت خانہ ریاست ہائے متحدہ امریکہ
رمنا-5، اسلام آباد
فون: 2082000
E-mail: infoisb@state.gov

لاہور
50 ایمپریس روڈ
فون: 6034000
E-mail: irclahore@state.gov

کراچی
کلکٹرز لین، 8 عبداللہ ہارون روڈ
فون: 5204200
E-mail: irckhi@state.gov

پشاور
11۔ اسپتال، روڈ، پشاور کینٹ
فون: 5268800